2025-02-04

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ضمیر رضوی

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1- پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں صدر جمہوریہ کے خطاب پر شکریے کی تحریک پر مباحثہ آج بھی جاری رہے گا۔

2- دلی کل منعقد ہونے والے اسمبلی انتخابات کے لیے تیار ہے۔ انتخابات کو خوش اسلوبی سے منعقد کرانے کے لیے سبھی تیاریاں کرلی گئی ہیں۔

3- مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج نئی دلی میں جموں و کشمیر کی سیکیورٹی کی صورتحال کے تعلق سے ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کریں گے۔

4- بھوٹان کے شاہ، جگمے کھیسر نامگیال وانگ چُک پریاگ راج میں تروینی سنگم میں پوتر ڈبکی لگائیں گے۔

5- صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے امریکہ کی جانب سے میکسیکو اور کینیڈا پر اعلان کردہ محصولات پر عمل آوری کو ایک مہینے کے لیے مؤخر کرنے کا اعلان کیا ہے، جبکہ چین پر محصولات کا اطلاق آج سے ہوگا۔

5- اور

ٹیبل ٹینس میں بھارت کے Manush Shah اور Diya Chitale، آج ڈبلیو ٹی ٹی سنگاپور Smash کے مکسڈ ڈبلز کے پری کوارٹر فائنل میں کھیلیں گے۔

اب خبریں تفصیل سے۔

LS Motion of Thanks

پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں صدر جمہوریہ کے خطاب پر شکریے کی تحریک پر مباحثہ آج بھی جاری رہے گا۔ کَل لوک سبھا میں بحث کی شروعات کرتے ہوئے بی جے پی کے ممبر پارلیمنٹ رام ویر سنگھ Bidhuri نے عوامی بہبود کی اسکیموں سمیت نریندر مودی کی قیادت والی حکومت کی حصولیابیوں کو اجاگر کیا۔ انھوں نے قومی راجدھانی میں آیوشمان بھارت اور پردھان منتری آواس یوجنا جیسی مرکزی اسکیموں کو نافذ کرنے میں مبینہ طور پر ناکام رہنے میں عام آدمی پارٹی کی قیادت والی دلی حکومت پر تنقید کی۔ جناب Bidhuri نے سڑکوں کی خراب حالت، فضائی

آلودگی اور شہر میں پبلک ٹرانسپورٹ جیسے معاملات بھی اٹھائے۔ انھوں نے دلی کے سابق وزراعلیٰ اروِند کیجریوال پر اپنی سرکاری رہائش گاہ کی تعمیر میں بے تحاشہ خرچ کرنے کا الزام بھی عائد کیا۔

بعد میں اپوزیشن کے رہنما اور کانگریس کے ممبر پارلیمنٹ راہل گاندھی نے یہ کہتے ہوئے صدر جمہوریہ کی تقریر کی نکتہ چینی کی کہ یہ پچھلے سال جیسی ہی تقریر تھی، جس میں حکومت کی حصولیابیوں کو دوہرایا گیا۔

راہل گاندھی نے بے روزگاری پر بھی تشویش کا اظہار کیا اور اس بات پر زور دیا کہ ملک کا مستقبل نوجوانوں پر منحصر ہے۔ انھوں نے کہا کہ حکومت ملک کی ترقی کے باوجود بے روزگاری کے مسئلے سے نمٹنے میں ناکام رہیں۔ انھوں نے اس بات کو بھی اجاگر کیا کہ GDP میں مینوفیکچرنگ کی حصہ داری 15 اعشاریہ تین فیصد سے کم ہوکر 12 اعشاریہ چھ فیصد رہ گئی ہے،جو گذشتہ 60 برسوں میں سب سے کم ہے۔

جناب گاندھی نے حکومت کی اہم پہل میک ان انڈیا کی یہ کہتے ہوئے بھی نکتہ چینی کی اِس کا تصور اچھا تھا لیکن نفاذ میں یہ ناکام رہی ہے۔

SB/- Rahul Gandih: Make In India

انھوں نے مزید کہا کہ بھارت، وسائل کے باوجود ملک  پیداوار کومنظم کرنے میں دوسروں کے مقابلے پیچھے رہ گیا ہے۔ انھوں نے پیداوار پر توجہ مرکوز کیے جانے پر زور دیا۔ انھوں نے اس بات کا اعادہ کرتے ہوئے اپنی بات کو ختم کیا کہ آئین سب سے بالاتر ہے اور ملک کی رہنمائی کرتا رہے گا۔

BJP کے روی شنکر پرساد نے مبینہ الزام عائد کیا کہ جب کبھی بھی مہا کمبھ کا تذکرہ ہوتا ہے تو کانگریس بے چینی محسوس کرتی ہے۔ انھوں نے اس بات کو اجاگر کیا کہ اِس مہاکمبھ میں اب تک 35 کروڑ افراد حصہ لے چکے ہیں۔ اننھوں نے کہا کہ کانگریس سمجھتی ہے کہ وہی ملک پر حکمرانی کرنے کی مجاز ہے۔

SB/ Ravi Shankar Prasad on Rahul Gandhi

دیگر پارلیمنٹ ممبران نے بھی بحث کے دوران تشویش کا اظہار کیا۔ سماجوادی پارٹی کے نریش چند اُتمّ پٹیل نے صدر جمہوریہ کی تقریر میں کم از کم امدادی قیمت MSP گارنٹی کا ذکر نہ کرنے کا بھی اجاگر کیا۔

TMC کے ڈاکٹرKakoli  گھوش دستیدار نے غذائی اجناس پر مبنی، افراط زر اور زرعی قرض کی چھوٹ کے فقدان کی بھی نکتہ چینی کی۔

شیو سینا کے اروند گنپت ساوَنت نے کسانوں کے فائدے والی اسکیموں کے بارے میں بتایا لیکن تعلیمی نظام میں تفریق کے بارے میں تشویش کا اظہار کیا۔x

Jaishankar Rahul

وزیرِ خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے اپوزیشن لیڈر اور کانگریس رکنِ پارلیمنٹ راہل گاندھی پر الزام لگایا کہ وہ اُن کے گذشتہ سال دسمبر میں ہوئے امریکی دورے کے بارے میں جان بوجھ کر

غلط بیانی کررہے ہیں۔ سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب جے شنکر نے کہا کہ وہ امریکی وزیرِ خارجہ اور بائیڈن انتظامیہ کے قومی سلامتی کے مشیر سے ملاقات کیلئے امریکہ  گئے تھے۔ اِس دوران انہوں نے بھارتی قونصلر جنرل کے اجتماع کی صدارت کی اور امریکی قومی سلامتی کے نامزد مشیر سے ملاقات کی۔ وزیرِ خارجہ نے زور دے کر کہا کہ دورے کے کسی بھی مرحلے میں وزیر اعظم کو دعوت دینے سے متعلق تبادلہٗ خیال نہیں کیا گیا۔

انہوں نے مزید کہا کہ یہ بات ہر کسی کے علم میں ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی، اِس طرح کی تقریبات میں شرکت نہیں کرتے اور بھارت کی نمائندگی خصوصی سفیروں کے ذریعے کی جاتی ہے۔ جناب جے شنکر نے دعویٰ کیا کہ جناب گاندھی کی غلط بیانی کے پیچھے سیاست کارفرما ہوسکتی ہے تاہم اِس سے بیرونی ممالک میں بھارت کی ساکھ متاثر ہوتی ہے۔ x

BJP MPs Notice

BJP کے اراکین پارلیمنٹ نے راجیہ سبھا کے چیئرمین جگدیپ دھنکھڑ سے ملاقات کی اور کانگریس کی سینئر رہنما اور رکن پارلیمنٹ سونیا گاندھی کی جانب سے صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو کے خلاف دیے گئے اُن کے بیانات پر پارلیمانی مراعات شکنی کا نوٹس داخل کیا۔

نوٹس میں کہا گیا ہے کہ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے خلاف سونیا گاندھی کے ریمارکس، پارلیمانی روایات کے مقرر کردہ قواعد و ضوابط، اخلاقیات اور آداب کے خلاف ہیں۔

BJP کے اراکین پارلیمنٹ نے راجیہ سبھا کے چیئرمین سے اِس معاملے کا نوٹس لینے اور محترمہ گاندھی کے خلاف تادیبی کارروائی شروع کرنے کی اپیل کی ہے۔

پارلیمنٹ کے باہر اظہار خیال کرتے ہوئے BJP کے رکن پارلیمنٹ فگّن سنگھ کُلستے نے کہاکہ محترمہ گاندھی ریمارکس پارلیمانی روایات اور طرزِ عمل کی خلاف ورزی ہیں۔x

SB-Faggan Singh Kulaste

Delhi Polls

70 رکنی دلی اسمبلی انتخابات کی کل ہونے والی ووٹنگ کو خوش اسلوبی سے منعقد کرانے کے لیے سبھی تیاریاں کرلی گئی ہیں۔ پولنگ جو کل صبح سات بجے شروع ہوگی، شام چھ بجے تک جاری رہے گی۔

ایک کروڑ 56 لاکھ سے زیادہ ووٹرس 699  امیدواروں کی قسمت کا فیصلہ کریں گے۔ اس سے پہلے چناؤ مہم کل شام  ختم ہوگئی۔ ووٹوں کی گنتی ہفتے کے روز ہوگی۔

اس سلسلے میں پیش ہے ہمارے نامہ نگار کی ایک رپورٹ

V/C Suparna

انتخابی کمیشن نے دلّی اسمبلی انتخابات کیلئے ایک لاکھ 80 ہزار سے زیادہ حفاظتی اہلکاروں کو تعینات کیا ہے۔ ووٹروں کو کسی بھی طرح سے لبھانے کی کوششوں کی روک تھام کے تحت اب تک 220 کروڑ روپے مالیت سے زیادہ کی نقد رقم، شراب، منشیات، مفت میں بانٹی جانے والی چیزیں اور قیمتی دھات ضبط کی گئی ہیں۔ ضبط کی گئی اشیاء میں سب سے زیادہ 88 کروڑ روپے

کی منشیات ہیں، وہیں قیمتی دھاتوں کی قیمت 81 کروڑ روپے ہے۔ ضبط کی گئی اشیاء کی یہ مالیت، سال 2020 میں ہوئے دلّی اسمبلی انتخابات کے دوران ضبط کی گئی اشیاء کی قیمت سے قریب چار گنا زیادہ ہے۔ سال 2020 میں 57 کروڑ 50 لاکھ روپے مالیت کی اشیاء ضبط کی گئی تھیں۔ مثالی ضابطہ اخلاق کے نفاذ کے بعد سے C-Vigil ایپ کے ذریعہ 7 ہزار 499 شکایتیں موصول ہوئی ہیں۔

ان میں سے محض 32 شکایتیں زیر التوا ہیں، جبکہ باقی سبھی شکایتوں کا ازالہ کرلیا گیا ہے۔

دلّی سے سپرنا سائیکیا اور آنند کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ......

## Amit Shah J&K Meeting

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج نئی دلی میں جموں و کشمیر کی سیکیورٹی سے متعلق ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کریں گے۔ اس میٹنگ میں دیگر سینئر عہدیداران کے ساتھ ساتھ جموں و کشمیر کے لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا، داخلہ سکریٹری گووِند موہن اور IB اور RAW جیسی مرکزی ایجنسیوں کے سربراہان کی شرکت متوقع ہے۔

اِس طرح کی جائزہ میٹنگ 19 دسمبر 2024 کو منعقد کی گئی تھی جس میں جناب شاہ نے سبھی سیکیورٹی ایجنسیوں کو ہدایت دی تھی کہ وہ جموں و کشمیر میں دہشت گردی کو جڑ سے ختم کرنے کے لیے تال میل کے ساتھ کام جاری رکھیں۔

اِس دوران کل جنوبی کشمیر کے کُلگام ضلعے میں ایک دہشت گردانہ حملے میں ایک ریٹائرڈ فوجی کی موت ہوگئی۔

سیکیورٹی فورسز نے بتایا ہے کہ دہشت گردوں نے کُلگام کے Behibagh علاقے میں ریٹائرڈ فوجی کے ساتھ ساتھ اُن کی اہلیہ اور بیٹی پر بھی حملہ کیا، جس سے وہ اِس حملے میں زخمی ہوگئیں۔ اُن کا علاج چل رہا ہے۔ خبروں کے مطابق ان کی حالت مستحکم ہے۔ سیکیورٹی فورسز نے حملہ آوروں کو پکڑنے کے لیے علاقے کا محاصرہ کرلیا ہے۔x

## Railway Minister J&K

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے اعلان کیا ہے کہ کشمیرکے لیے ٹرینوں کے لیے تجارتی سرگرمیاں جلد شروع کی جائیں گی۔ انھوں نے اس بات کا بھی انکشاف کیا کہ جموں و کشمیر میں تمام پٹریوں کی برق کاری کردی گئی ہے۔

کل نئی دلی کے ریل بھون سے ویڈیو کانفرنسنگ کے دوران ریلوے کے وزیر نے اعلان کیا کہ کٹڑہ سرینگر ریلوے لائن کے ضروری جانچ کے تمام مراحل مکمل کرلیے گئے ہیں اور تجارتی سرگرمیاں جلد شروع ہوں گی۔ انھوں نے مزیدکہا کہ جموں ریلوے اسٹیشن کی جاری تزئین کاری مکمل ہونے کے بعد یہ جموں اور سری نگر کے درمیان براہ راست ریلوے رابطے کو یقینی بنائے گا۔

انھوں نے یہ بھی بتایا کہ چار بڑے ریلوے اسٹیشنوں بڈگام، جموں توی، کٹڑا اور ادھم پور کو امرت اسٹیشن کے طور پر ترقی دی جا رہی ہے، جس پر کُل لاگت 292 اعشاریہ پانچ کروڑ روپے آئے

گی، جس سے مسافروں کو سہولیات فراہم کی جا سکیں گی اور اسٹیشن کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنایا جا سکے گا۔x

S/B Ashwini Vaishnav

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Mahakumbh King of Bhutan

اوراب کچھ خبریں مہا کمبھ سے

Montage of Opening Music

بھوٹان کے شاہ جگمے کھیسر نامگیال وانگ چُک آج پریاگ راج مہاکمبھ کا دورہ کریں گے۔ وہ تروینی سنگم میں پوِتر ڈبکی لگائیں گے۔ بھوٹان کے شاہ کل اترپردیش کے شہر لکھنؤ پہنچے ہیں۔

اس سلسلے میں تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C Dipendra / Aman

MEA Nurian Visit

شنگھائی تعاون تنظیم کے سکریٹری جنرل Nurlan Yermekbayev آج نئی دلّی پہنچ گئے ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے بتایا کہ ان کا یہ دورہ علاقائی تعاون، سلامتی اور تجارت واقتصادی ترقی کو وسعت دینے کیلئے ملک کے عزم کو اجاگر کرتا ہے۔ جناب Yermekbayev بھارت کے چار روزہ دورے پر ہیں۔×

Rev. Trump Tarif Delay

امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے میکسیکو کے ساتھ سرحدی حفاظتی سمجھوتے پر اتفاق کے بعد میکسیکو پر اعلان کردہ محصولات کی عمل آوری میں ایک مہینے کی تاخیر کا اعلان کیا ہے۔ تاہم چین پر عائد محصولات آج سے نافذ ہوجائیں گی۔

سوشل میڈیا پوسٹ میں کینیڈا کے وزیراعظم جسٹن ٹروڈو نے کہا کہ صدر ٹرمپ کے ساتھ ٹیلی فون پر ہوئی بات چیت کے دوران، انہوں نے سرحدی حفاظت کے معاملے پر اضافی تعاون کا عہد کیا ہے۔ جناب ٹروڈو نے مزید کہا کہ کینیڈا، ایک اعشاریہ تین ارب امریکی ڈالر لاگت کے امریکی سرحدی منصوبے پر عمل کررہا ہے، جس میں نئے ہیلی کاپٹروں، ٹیکنالوجی اور اہلکاروں کا استعمال کرتے ہوئے امریکی ساجھیداروں کے ساتھ قریبی تال میل کے ذریعہ سرحد کو محفوظ کرنے کا منصوبہ ہے۔

اِن اضافی اقدامات کا مقصد ممنوعہ Fentanyl نامی منشیات کی اسمگلنگ کو روکنا ہے۔ اس سے پہلے جناب  ٹرمپ نے انکشاف کیا تھا کہ ان کی میکسکو کی صدر Claudia Sheinbaum کے ساتھ دوستانہ ماحول میں بات چیت ہوئی ہے، جو امریکہ اور میکسیکو کی سرحد پر دس ہزار فوجی بھیجنے پر راضی ہوگئی ہیں۔×

Srilanka National Day

سری لنکا آج اپنا 77 واں قومی دن منا رہا ہے۔ کولمبو کے Independence اسکوائر میں سرکاری تقریبات منعقد کی جا رہی ہیں جبکہ دیگر شہروں میں بھی اِس پروگرام کو منانے کے لیے تقریبات منعقد کی جائیں گی۔

ایک رپورٹ

V/C Ahmed Muyeen Farooqui

RBI 2000 Bank Notes

بھارت کے ریزرو بینک نے اطلاع دی ہے کہ گزشتہ مہینے کی 31 تاریخ تک چلن میں دستیاب دو ہزار روپے کے کرنسی نوٹوں کی مالیت گھٹ کر 6 ہزار 577 کروڑ روپے رہ گئی ہے۔ اپنے بیان میں RBI نے واضح کیا کہ مئی 2023 میں چلن میں دستیاب تین لاکھ 56 ہزار کروڑ روپے مالیت کے قریب 98 فیصد کرنسی نوٹ، سسٹم میں واپس آچکے ہیں۔

ریزرو بینک آف انڈیا نے 19 مئی 2023 کو دو ہزار روپے کے کرنسی نوٹ واپس لینے کا اعلان کرتے ہوئے عوام سے اپیل کی تھی کہ وہ سات اکتوبر 2023 تک دو ہزار روپے کے نوٹ، یا تو بینک میں جمع کرادیں یا انہیں بدل دیں۔ چونکہ دو ہزار روپے کے کرنسی نوٹ، لیگل ٹینڈر کی حیثیت رکھتے ہیں، اس لئے عوام انہیں انڈیا پوسٹ کے ذریعہ RBI کے 19/ اِشو دفاتر میں سے کہیں بھی جمع کراسکتے ہیں یا بدل سکتے ہیں۔×

IG BSF-Jammrontier

ہریانہ کیڈر کے IPS افسر ششانک آنند کو جموں فرینٹئر کیلئے سرحدی حفاظتی فورس BSF کا نیا انسپکٹر جنرل مقرر کیا گیا ہے، جموں فرنٹیئر بین الاقوامی سرحد، جموں سے کٹھوعہ کا احاطہ کرتا ہے۔

وہ انسپکٹر جنرل IG.DK Boora کی جگہ لیں گے، جو اس عہدے پر اکتوبر 2021 سے فائز تھے۔

ششانک آنند 2006 بیچ کے IPS افسر ہیں، جنہیں رواں سال جنوری میں مرکز میں IG سطح کے عہدے پر فائز ہونے کے بعد ترقی دی گئی ہے۔×

Singapore Smash Table Tennis

ٹیبل ٹینس میں بھارت کے Manush Shah اور Diya Chitale آج شام سنگاپور میں WTT سنگاپور Smash میں کھیلیں گے۔ مکسڈ ڈبلز کے پری کوارٹر فائنل میں بھارتی جوڑی کا سامنا Marcos Madrid اور Arantxa Cossio پر مشتمل میکسیکو کی جوڑی سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق سہ پہر ساڑھے تین بجے شروع ہوگا۔

وہیں خواتین کے ڈبلز مقابلوں میں بھارت کی Ayhika مکھرجی اور Sutirtha مکھرجی کا سامنا تھائی لینڈ کی Suthasini Sawettabut اور Orawan Paranang کی جوڑی سے ہوگا۔

دوسری بھارتی کھلاڑی یشسونِی گھورپڑے اپنی آسٹریلیائی ساتھی Minhyung Jee کے ساتھ مل کر آج صبح Linda Bergstrom اور کرسٹینا کال بَرگ کی جوڑی کا سامنا کریں گی۔×

ISL Football

انڈین سُپرلیگ فٹبال میں اڈیشہ FC نے نارتھ ایسٹ یونائیٹڈ FC کے خلاف کھیلے گئے میچ کو دو-دو کی برابری پر ختم کیا۔ یہ میچ گل شام اڈیشہ کے کلنگا اسٹیڈیم میں کھیلا گیا۔ Isak Vanlalruatfela زخمی ہونے کے باوجود اڈیشہ کو میچ میں برابری پر لاکھڑا کیا اور اڈیشہ کو ایک پوائنٹ بھی دلایا۔

کَل FC موہن باگان کا مقابلہ پنجاب FC سے ہوگا۔ یہ میچ کَل شام ساڑھے سات بجے کولکاتا کے سالٹ لیک اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ ×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTSؐ

اب اخبارات کے آئینے کے ساتھ ہیں: ......اسد اللہ

شکریہ - ضمیر

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخیوں میں جگہ دی ہے۔

وزیراعظم نریندر مودی نے دلّی انتخابات کے سلسلے میں طلباء سے بات چیت کی، اس خبر کو سرخی بناتے ہوئے ان کے اس بیان کو نمایاں کیا ہے کہ عام آدمی پارٹی اپنی حکومت کی شبیہ کو بہتر بنانے کیلئے طلباء کے مستقبل کو نقصان پہنچارہی ہے۔

آج کے کئی اخباروں نے لوک سبھا میں ایک ضمنی سوال کے جواب میں زراعت کے وزیر مملکت پنکج چودھری کے اس بیان کو سرخی بنایا ہے کہ کسان ندھی اسکیم سے کسانوں کو ضروری مدد مل رہی ہے۔ شہری ہوا بازی کے وزیر رام موہن نائیڈو نے کل راجیہ سبھا میں بتایا کہ اپریل میں جیوَر ہوائی اڈّے سے باقاعدہ پروازیں شروع ہوں گی۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس، انقلاب، راشٹریہ سہارات سمیت آج کے تقریباً سبھی اخباروں نے دلّی میں انتخابی مہم کے ختم ہونے کی خبر کو پہلی خبر کے طور پر پیش کیا ہے۔ 70 رکنی دلّی اسمبلی کیلئے کَل پانچ فروری کو پولنگ ہوگی اس کیلئے 699 امیدوار انتخابی میدان میں ہیں۔ روزنامہ پرتاپ نے لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا کے اس بیان کو اہمیت کے ساتھ پیش کیا ہے کہ بھارت، روس کے درمیان دوستی اشتراک کی بہترین مثال ہے۔

آج کے تقریباً سبھی اخباروں نے کَل بسنت پنچمی کے موقع پر مہا کمبھ کے تیسرے اسنان میں پانچ کروڑ سے زیادہ عقیدت مندوں کے پوتر ڈبکی لگانے کی خبر کو خصوصی اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

دلّی این سی آر میں فضائی آلودگی بڑھنے کی خبر کو روزنامہ ملاپ سرخی بناتے ہوئے لکھتا ہے کہ دلّی کے کئی علاقوں میں AQI کی سطح 370 سے تجاوز کر گئی ہے۔

-------------------------

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں صدر جمہوریہ کے خطاب پر شکریے کی تحریک پر مباحثہ آج بھی جاری رہے گا۔

2- دلی کل منعقد ہونے والے اسمبلی انتخابات کے لیے تیار ہے۔ انتخابات کو خوش اسلوبی سے منعقد کرانے کے لیے سبھی تیاریاں کرلی گئی ہیں۔

3- مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج نئی دلی میں جموں و کشمیر کی سیکیورٹی کی صورتحال کے تعلق سے ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کریں گے۔

4- بھوٹان کے شاہ، جگمے کھیسر نامگیال وانگ چُک پریاگ راج میں تروینی سنگم میں پوِتر ڈبکی لگائیں گے۔

5- صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے امریکہ کی جانب سے میکسیکو اور کینیڈا پر اعلان کردہ محصولات پر عمل آوری کو ایک مہینے کے لیے مؤخر کرنے کا اعلان کیا ہے، جبکہ چین پر محصولات کا اطلاق آج سے ہوگا۔

5- اور

ٹیبل ٹینس میں بھارت کے Manush Shah اور Diya Chitale، آج ڈبلیو ٹی ٹی سنگاپور Smash کے مکسڈ ڈبلز کے پری کوارٹر فائنل میں کھیلیں گے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔